

edexcel
advancing learning, changing lives

# Sample Assessment Materials
## September 2007

GCE Urdu

## Edexcel Advanced Subsidiary GCE in Urdu (8UR01)
First examination 2009

## Edexcel Advanced GCE in Urdu (9UR01)
First examination 2010

A PEARSON COMPANY

# Contents

| | | |
|---|---|---|
| **A** | **Introduction** | **3** |
| **B** | **Sample question papers** | **5** |
| | Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu (Teacher/Examiner Version) | 7 |
| | Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu (Candidate Version) | 25 |
| | Unit 2: Understanding and Written Response | 43 |
| | Unit 4: Research, Understanding and Written Response | 59 |
| **C** | **Sample mark schemes** | **75** |
| | General marking guidance | 77 |
| | Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu | 79 |
| | Unit 2: Understanding and Written Response | 81 |
| | Unit 4: Research, Understanding and Written Response | 85 |

# A Introduction

These sample assessment materials have been prepared to support the specification.

Their aim is to provide the candidates and centres with a general impression and flavour of the actual question papers and mark schemes in advance of the first operational examinations.


© Edexcel Limited 2007

# B Sample question papers

Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu (Teacher/Examiner Version) .............7
Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu (Candidate Version)....................... 25
Unit 2: Understanding and Written Response .................................................... 43
Unit 4: Research, Understanding and Written Response ....................................... 59

 © Edexcel Limited 2007 

# Edexcel GCE

Urdu

Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu
Stimulus (Teacher/Examiner Version)

SAMPLE ASSESSMENT MATERIAL

Printer's Log No.
N32897A

N 3 2 8 9 7 A

W850/6UR01/57570 3/3/

***Turn over***

This publication may be reproduced only in accordance with Edexcel Limited copyright policy. ©2008 Edexcel Limited.

edexcel
advancing learning, changing lives

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION AND EMPLOYMENT**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

## تعلیم اور فنی تربیت

تعلیم کا مقصد ایک اچھا انسان بننے کے علاوہ معقول آمدنی اور اچھی ملازمت کا حصول بھی ہے۔ فنی تعلیم پر آج کل خاصا زور دیا جا رہا ہے کیونکہ اس قسم کی تعلیم کے ذریعے ملازمت حاصل کرنا آسان ہے۔ اگر ملازمت نہ ملے تو بھی ہنرمند لوگ اپنا ذاتی کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔ پچاس ساٹھ سال پہلے ہنر سیکھنے کو کمتر درجے کا کام سمجھا جاتا تھا، حجام، بڑھئی اور درزی وغیرہ جیسے پیشے ایک مخصوص طبقے کے لیے ہوا کرتے تھے اور ان پیشوں سے وابستہ افراد کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔



- عبارت کے مطابق تعلیم کیوں ضروری ہے؟
- ماضی میں ہنر سیکھنے والوں کو کیا سمجھا جاتا تھا؟
- تعلیم حاصل کرنا اور کوئی ہنر سیکھنا ان دونوں باتوں میں سے آپ کے خیال میں کون سی بات زیادہ اہم ہے اور کیوں؟
- آپ کے خیال میں اچھی تعلیم کے کیا فائدے ہیں؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION AND EMPLOYMENT**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

## مخلوط تعلیم

آج دنیا کے تقریباً تمام ممالک میں لڑکے اور لڑکیاں مل جل کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ لڑکیوں میں تعلیم حاصل کرنے کا بڑھتا ہوا رجحان ہے۔ آج نہ صرف مغربی ملکوں، بلکہ ترقی پذیر ممالک میں بھی لڑکیوں میں تعلیم کا رواج بڑھتا جا رہا ہے۔ مخلوط تعلیم کی ایک اور وجہ آبادی کے لحاظ سے اسکولوں اور کالجوں کی ناکافی تعداد بھی ہے نئے اسکول اور کالج کھولنے میں بہت سی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔



- لڑکیوں کی تعلیم کے بارے میں اس عبارت میں کیا بتایا گیا ہے؟
- مخلوط تعلیم کی اور کیا وجوہات بتائی گئی ہیں؟
- مخلوط تعلیم کے فائدوں اور نقصانات کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
- آپ کے خیال میں اچھی تعلیم کے کیا فائدے ہیں

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

## کرکٹ کی مقبولیت

لوگوں میں کرکٹ کی مقبولیت کی انتہا یہ ہے کہ جن لوگوں کو اس کھیل سے واقفیت نہیں وہ بھی میچ کے بارے میں باخبر رہتے ہیں۔ جب بھی دو ملکوں کے درمیان ٹسٹ یا ایک روزہ سیریز ہوتی ہے تو عام لوگوں کے علاوہ حکومتوں کو بھی اس میں دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔ آسٹریلیا اور انگلستان کے درمیان ایشز سیریز کو تاریخی اہمیت حاصل ہے۔ اور یہ دونوں ٹیمیں ایشز ہی کو کرکٹ کا سب سے بڑا مقابلہ سمجھتی ہیں۔

بھارت اور پاکستان کا مقابلہ بھی ہمیشہ زبردست ہوتا ہے۔ بین الاقوامی ٹورنامنٹ ہو تو دونوں ملکوں کے شائقین کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ چاہئے ساری دنیا سے ہار جائیں مگر ایک دوسرے سے کبھی نہ ہاریں۔



- کرکٹ کی مقبولیت کے بارے میں عبارت میں کیا بتایا گیا ہے ؟
- پاکستان اور بھارت کے شائقین کی سب سے بڑی خواہش کیا ہوتی ہے؟
- کرکٹ کے کھیل میں وقت بہت زیادہ لگتا ہے۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟
- آپ کے خیال میں فٹ بال دنیا کا سب سے مقبول کھیل کیوں ہے؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

## غذا اور صحت

صحت مند رہنے کے لئے مناسب غذا کا استعمال بہت اہم ہے۔اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ جو بھی کھائیں اس کا لطف بھی اٹھائیں۔صحت بخش کھانوں کے استعمال سے آپ کے اخراجات بھی کم ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ توانائی کا استعمال کم کریں اور غذا یا زیادہ کھائیں تو جسم میں بچی ہوئی توانائی چربی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔جس کی وجہ سے نہ صرف آپ کا وزن بڑھ جائے گا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ بیماریوں کا خطرہ بھی بڑھ جائے گا۔اور اگر آپ چربی بہت زیادہ کھالیں، سگریٹ نوشی کریں، شراب پئیں اور ورزش بہت کم کریں تو مختلف بیماریوں کے خطرات میں اور اضافہ ہو جاتا ہے۔



- عبارت کے مطابق صحت بخش غذاؤں کے کیا فائدے ہیں؟
- زیادہ چربی کھانے کے کیا نقصانات ہیں؟
- نوجوانوں میں فاسٹ فوڈ کیوں اتنا مقبول ہے؟
- غذا کے علاوہ اچھی صحت کے لیے کیا کرنا چاہئے؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

دنیا بھر میں شہروں کی تعداد بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے لیکن تیسری دنیا کے ممالک میں اضافہ کی رفتار تشویشناک حد تک تیز ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق آئندہ دس سالوں میں تقریباً 60 نئے شہر وجود میں آئیں گے جن میں سے ایک چوتھائی ترقی یافتہ ممالک میں اور باقی ترقی پذیر ممالک میں ہوں گے۔

بہت سے شہر اتنی تیزی سے بڑھ رہے ہیں کہ وہاں دیہی علاقوں سے آکر آباد ہونے والے کے لیے مکانات، ذرائع آمدو رفت، غذا اور پانی جیسی بنیادی سہولتیں بھی فراہم کرنا مشکل ہو گیا ہے۔



- عبارت کے مطابق آج دنیا کو کس مسئلے کا سامنا ہے اور تیسری دنیا پر اس کا کیا اثر پڑ رہا ہے؟
- اقوام متحدہ نے اس دہائی کے بارے میں کیا پیشین گوئی کی ہے؟
- آپ کے خیال میں شہروں کی طرف لوگ کیوں ہجرت کرتے ہیں؟
- آپ کی رائے میں اس مسئلے کا کیا حل ہونا چاہیئے؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

## سندھ کا ایک پہاڑی علاقہ

بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ سندھ میں ایک ایسا پہاڑی علاقہ بھی ہے جہاں کبھی کبھی برف باری بھی ہوتی ہے اس جگہ کا نام گورکھ ہل ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ سندھ میں اتنی خوبصورت جگہ ہونے کے باوجود حکومت نے اسے سیاحتی مرکز بنانے پر اب تک کوئی توجہ نہیں دی ہے۔ لا پرواہی کا یہ عالم ہے کہ سندھ کے محکمۂ سیاحت کے پاس گورکھ ہل کی نہ تو کوئی تصویر ہے نہ کوئی کتابچہ۔ اسکول جانے تو کیسے جانے کہ سندھ میں ایک ایسی جگہ بھی ہے جہاں برف گرتی ہے۔



گورکھ ہل کس قسم کی جگہ ہے؟

- اس عبارت میں گورکھ ہل کے بارے میں حکومت کی لا پرواہی کا اظہار کس انداز سے کیا گیا ہے؟
- پاکستان جیسے ملکوں میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے حکومت کو کیا کرنا چاہئے؟
- سیاحت کے فروغ سے حاصل ہونے والے فائدے اور نقصانات کیا ہیں؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

## معاف کر دینا

لوگوں کو عام طور پر دوسروں سے کوئی نہ کوئی شکایت رہتی ہے اور اکثر لوگ اسے آسانی سے بھول جاتے ہیں۔ مگر ہر بات کو معاف کر دینا کچھ لوگوں کے لیے بہت مشکل ہوتا ہے۔ اسی لیے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے اندر نہ صرف دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنے بلکہ اپنی غلطیوں کو ماننے کا جذبہ پیدا کریں۔ معاف کر دینے سے نہ صرف دوستانہ جذبات پیدا ہوتے ہیں بلکہ مستقبل کے لیے اچھی امیدیں بھی وابستہ ہو جاتی ہیں۔ کسی کو معاف کر دینے سے دوستی اور مضبوط تعلقات کی بنیاد بھی پڑتی ہے۔



- عبارت کے مطابق کون سی بات آسان ہوتی ہے اور کون سی مشکل؟
- معاف کر دینے کے کیا فائدے ہیں؟
- آپ کے خیال میں اچھے تعلقات کے لئے کون سی باتیں ضروری ہیں؟
- بعض لوگ معاف کر دینے کو کمزوری سمجھتے ہیں۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

## ٹی وی پر اشتہارات

آپ ٹی وی کھولیں تو چند ہی لمحے بعد اسکرین پر کوئی اشتہار آپ کی دلچسپی کا باعث بنے گا۔اشتہار بھی ایسا جس میں ہمارے فلمی ہیرو صاحب یہ کہتے ہوئے نظر آئیں گے کہ فلاں چائے یا فلاں چیز نے میری تھکن مٹادی۔ یا پھر ایسا بھی ہوگا کہ اصلی زندگی میں وگ لگانے والی ادارکارہ ٹی وی اسکرین پر آ کر کسی شیمپو کی تعریف میں زمین آسمان ایک کرتی ہوئی نظر آئے گی یہی نہیں کسی اور اشتہار میں کرکٹر کسی اداکار سے نوک جھوک میں مصروف ہوں گے۔غرض چھوٹے سے اسکرین پر اداکار اور کرکٹر اس طرح اشتہارات پر چھا گئے ہیں کہ بے چارے پیشہ وار ماڈلوں کی راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔

ایک زمانے میں اشتہارات میں تجربہ کار ماڈل ہی نظر آتے تھے لیکن وقت نے اتنی تیزی سے پلٹا کہ اب بیشتر اشتہارات پر نامور اور شہرت یافتہ اداکاروں اور کھلاڑیوں ہی کا قبضہ ہے۔




- عبارت میں کس اشتہار کا ذکر کیا گیا ہے؟
- پیشہ ور ماڈلوں کو کس بات کی فکر ہے؟
- کیا مشہور کھلاڑیوں کو اشتہاروں میں کام کرنا چاہیئے؟
- اشتہاروں کی کیا اہمیت ہے؟

# Edexcel GCE

Urdu

Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu
Stimulus (Candidate Version)

SAMPLE ASSESSMENT MATERIAL

Printer's Log No.
N32897A

N 3 2 8 9 7 A

W850/6UR01/57570 3/3/

**_Turn over_**

This publication may be reproduced only in accordance with Edexcel Limited copyright policy. ©2008 Edexcel Limited.

edexcel
advancing learning, changing lives

**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION AND EMPLOYMENT**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Candidate version)**

## تعلیم اور فنی تربیت

تعلیم کا مقصد ایک اچھا انسان بننے کے علاوہ معقول آمدنی اور اچھی ملازمت کا حصول بھی ہے۔ فنی تعلیم پر آج کل خاصا زور دیا جا رہا ہے کیونکہ اس قسم کی تعلیم کے ذریعے ملازمت حاصل کرنا آسان ہے۔ اگر ملازمت نہ ملے تو بھی ہنرمند لوگ اپنا ذاتی کاروبار شروع کر سکتے ہیں۔ پچاس ساٹھ سال پہلے ہنر سیکھنے کو کمتر درجے کا کام سمجھا جاتا تھا، حجام، بڑھئی اور درزی وغیرہ جیسے پیشے ایک مخصوص طبقے کے لیے ہوا کرتے تھے اور ان پیشوں سے وابستہ افراد کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

 © Edexcel Limited 2007 

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION AND EMPLOYMENT**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Candidate version)**

## مخلوط تعلیم

آج دنیا کے تقریباً تمام ممالک میں لڑکے اور لڑکیاں مل جل کر تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ لڑکیوں میں تعلیم حاصل کرنے کا بڑھتا ہوا رجحان ہے۔ آج نہ صرف مغربی ملکوں، بلکہ ترقی پذیر ممالک میں بھی لڑکیوں میں تعلیم کا رواج بڑھتا جا رہا ہے۔ مخلوط تعلیم کی ایک اور وجہ آبادی کے لحاظ سے اسکولوں اور کالجوں کی ناکافی تعداد بھی ہے نئے اسکول اور کالج کھولنے میں بہت سی مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Candidate version)**

## کرکٹ کی مقبولیت

لوگوں میں کرکٹ کی مقبولیت کی انتہا یہ ہے کہ جن لوگوں کو اس کھیل سے واقفیت نہیں وہ بھی میچ کے بارے میں باخبر رہتے ہیں۔ جب بھی دو ملکوں کے درمیان ٹسٹ یا ایک روزہ سیریز ہوتی ہے تو عام لوگوں کے علاوہ حکومتوں کو بھی اس میں دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔ آسٹریلیا اور انگلستان کے درمیان ایشز سیریز کو تاریخی اہمیت حاصل ہے۔ اور یہ دونوں ٹیمیں ایشز ہی کو کرکٹ کا سب سے بڑا مقابلہ سمجھتی ہیں۔

بھارت اور پاکستان کا مقابلہ بھی ہمیشہ زبردست ہوتا ہے۔ بین الاقوامی ٹورنامنٹ ہو تو دونوں ملکوں کے شائقین کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ چاہئے ساری دنیا سے ہار جائیں مگر ایک دوسرے سے کبھی نہ ہاریں۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

 © Edexcel Limited 2007 

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Candidate version)**

## غذا اور صحت

صحت مند رہنے کے لئے مناسب غذا کا استعمال بہت اہم ہے۔اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ جو بھی کھائیں اس کا لطف بھی اٹھائیں۔صحت بخش کھانوں کے استعمال سے آپ کے اخراجات بھی کم ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ توانائی کا استعمال کم کریں اور غذا یا زیادہ کھائیں تو جسم میں بچی ہوئی توانائی چربی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔جس کی وجہ سے نہ صرف آپ کا وزن بڑھ جائے گا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ بیماریوں کا خطرہ بھی بڑھ جائے گا۔اور اگر آپ چربی بہت زیادہ کھالیں،سگریٹ نوشی کریں،شراب پئیں اور ورزش بہت کم کریں تو مختلف بیماریوں کے خطرات میں اور اضافہ ہو جاتا ہے۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.


© Edexcel Limited 2007

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Candidate version)**

دنیا بھر میں شہروں کی تعداد بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے لیکن تیسری دنیا کے ممالک میں اضافہ کی رفتار تشویشناک حد تک تیز ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق آئندہ دس سالوں میں تقریباً 60 نئے شہر وجود میں آئیں گے جن میں سے ایک چوتھائی ترقی یافتہ ممالک میں اور باقی ترقی پذیر ممالک میں ہوں گے۔

بہت سے شہر اتنی تیزی سے بڑھ رہے ہیں کہ وہاں دیہی علاقوں سے آ کر آباد ہونے والے کے لیے مکانات، ذرائع آمد و رفت، غذا اور پانی جیسی بنیادی سہولتیں بھی فراہم کرنا مشکل ہو گیا ہے۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Candidate version)**

## سندھ کا ایک پہاڑی علاقہ

بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ سندھ میں ایک ایسا پہاڑی علاقہ بھی ہے جہاں کبھی کبھی برف باری بھی ہوتی ہے اس جگہ کا نام گورکھ ہل ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ سندھ میں اتنی خوبصورت جگہ ہونے کے باوجود حکومت نے اسے سیاحتی مرکز بنانے پر اب تک کوئی توجہ نہیں دی ہے۔ لاپرواہی کا یہ عالم ہے کہ سندھ کے محکمۂ سیاحت کے پاس گورکھ ہل کی نہ تو کوئی تصویر ہے نہ کوئی کتابچہ۔ اسکول جانے تو کیسے جانے کہ سندھ میں ایک ایسی جگہ بھی ہے جہاں برف گرتی ہے۔



 © Edexcel Limited 2007 

**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE**

**SAMPLE STIMULUS 1 (Candidate version)**

## معاف کر دینا

لوگوں کو عام طور پر دوسروں سے کوئی نہ کوئی شکایت رہتی ہے اور اکثر لوگ اسے آسانی سے بھول جاتے ہیں۔ مگر ہر بات کو معاف کر دینا کچھ لوگوں کے لیے بہت مشکل ہوتا ہے۔ اسی لیے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنے اندر نہ صرف دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنے بلکہ اپنی غلطیوں کو ماننے کا جذبہ پیدا کریں۔ معاف کر دینے سے نہ صرف دوستانہ جذبات پیدا ہوتے ہیں بلکہ مستقبل کے لیے اچھی امیدیں بھی وابستہ ہو جاتی ہیں۔ کسی کو معاف کر دینے سے دوستی اور مضبوط تعلقات کی بنیاد بھی پڑتی ہے۔



**Instructions for the conduct of Unit 1–Spoken Expression and Response in Urdu**

- You have 15 minutes preparation time.
- Read the stimulus.
- You will be asked 4 questions related to this stimulus.
- You should also consider further discussion points on this general topic area.
- You may make notes during preparation time but these must not be taken into the examination with you.
- Do not make notes on the stimulus.
- Dictionaries and other resources are not allowed.
- The examination will last 8–10 minutes.


© Edexcel Limited 2007

**GCE URDU AS UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE**

**SAMPLE STIMULUS 2 (Candidate version)**

## ٹی وی پر اشتہارات

آپ ٹی وی کھولیں تو چند ہی لمحے بعد اسکرین پر کوئی اشتہار آپ کی دلچسپی کا باعث بنے گا۔ اشتہار بھی ایسا جس میں ہمارے فلمی ہیرو صاحب یہ کہتے ہوئے نظر آئیں گے کہ فلاں چائے یا فلاں چیز نے میری تھکن مٹا دی۔ یا پھر ایسا بھی ہوگا کہ اصلی زندگی میں وگ لگانے والی ادارکارہ ٹی وی اسکرین پر آ کر کسی شیمپو کی تعریف میں زمین آسمان ایک کرتی ہوئی نظر آئے گی یہی نہیں کسی اور اشتہار میں کرکٹر کسی اداکار سے نوک جھوک میں مصروف ہوں گے۔ غرض چھوٹے سے اسکرین پر اداکار اور کرکٹر اس طرح اشتہارات پر چھا گئے ہیں کہ بے چارے پیشہ وار ماڈلوں کی راتوں کی نیندیں اڑ گئی ہیں۔

ایک زمانے میں اشتہارات میں تجربہ کار ماڈل ہی نظر آتے تھے لیکن وقت نے اتنی تیزی سے پلٹا کہ اب بیشتر اشتہارات پر نامور اور شہرت یافتہ ادارکاروں اور کھلاڑیوں ہی کا قبضہ ہے۔



| Centre No. | | | | | | Paper Reference | | | | | | | Surname | Initial(s) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Candidate No. | | | | | | 6 | U | R | 0 | 2 | / | 1 | Signature | |

Paper Reference(s)

**6UR02/1**

# Edexcel GCE

## Urdu

## Advanced Subsidiary

Unit 2: Understanding and Written Response

Sample Assessment Material

Time: 2 hours 30 minutes

Examiner's use only

Team Leader's use only

| Question Number | Leave Blank |
|---|---|
| 1 | |
| 2 | |
| 3 | |
| 4 | |
| 5 | |
| 6 | |
| 7 | |
| 8 | |
| Total | |

| Materials required for examination | Items included with question papers |
|---|---|
| Nil | Nil |

### Instructions to Candidates

In the boxes above, write your centre number, candidate number, your surname, initials and signature.
Check that you have the correct question paper.
Answer ALL the questions. Write your answers in the spaces provided in this question paper.
You must begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must not replay the recording after the first 45 minutes of the test.
Do not use pencil. Use blue or black ink.
Some questions must be answered with a cross in a box (☒). If you change your mind about an answer, put a line through the box (☒) and then mark your new answer with a cross (☒).

### Information for Candidates

The paper is divided into 3 sections.
The marks for individual questions and the parts of questions are shown in round brackets: e.g. **(2)**.
There are 8 questions in this question paper. The total mark for this paper is 70.
There are 16 pages in this question paper. Any blank pages are indicated.
**Dictionaries may not be used in this examination.**

### Advice to Candidates

You are reminded of the importance of clear and orderly presentation in your answers. You are advised to read the questions carefully.
Section B of this paper features a question that requires responses in English. In order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.

This publication may be reproduced only in accordance with Edexcel Limited copyright policy.
©2008 Edexcel Limited.

Printer's Log No.
N32898A
W850/6UR02/57570 3/2/2/
N 3 2 8 9 8 A 0 1 1 6

***Turn over***

edexcel
advancing learning, changing lives

Leave blank

## SECTION A: LISTENING

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درج ذیل ہے۔

اقتباس نمبر1۔ 0 منٹ 59 سیکنڈ
اقتباس نمبر2۔ 1 منٹ 05 سیکنڈ
اقتباس نمبر3۔ 1 منٹ 28 سیکنڈ
اقتباس نمبر4۔ 2 منٹ 19 سیکنڈ

امتحان کے دوران آپ ٹیپ کو جب چاہیں، جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سن سکتے ہیں۔ آپ چاہیں، تو ضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھ بھی سکتے ہیں۔

سوال نمبر1:
اقتباس کو غور سے سنیے اور اس کی روشنی میں درج ذیل بیانات میں سے صحیح بیانات کے سامنے ( ☒ ) نشان لگائیے۔

(الف) (a)
(i) زارا چھٹیاں منانے کراچی گئی تھی ☒
(ii) صفیہ چھٹیاں منانے کراچی گئی تھی ☒
(iii) زارا اور صفیہ چھٹیاں منانے کراچی گئی تھیں ☒

(ب) (b)
(i) اگست کے مہینے میں بارش بالکل نہیں ہوئی۔ ☒
(ii) اگست کے مہینے میں مسلسل بارش ہوئی۔ ☒
(iii) اگست کے مہینے میں تھوڑی بہت بارش ہوئی۔ ☒

(ج) (c)
(i) زارا نے خاندان کی ہر شادی میں شرکت کی۔ ☒
(ii) زارا نے کسی شادی میں بھی شرکت نہیں کی۔ ☒
(iii) زارا نے مرز چچا کے بیٹے کی شادی میں شرکت کی۔ ☒

(د) (d)
(i) زارا کا چھوٹا بھائی، پانی میں بھیگنے سے بیمار ہو گیا۔ ☒
(ii) زارا پانی میں بھیگنے سے بیمار ہو گئی۔ ☒
(iii) زارا کا چچازاد بھائی، پانی میں بھیگنے سے بیمار ہو گیا۔ ☒

Q1

**(4 marks)**


© Edexcel Limited 2007

Leave blank

سوال نمبر 2:

اقتباس سن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر (☒) نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (ا) | انٹرنیٹ کا استعمال صرف امیر لوگ کر سکتے ہیں۔ | ☒ |
| (ب) | کمپیوٹر ٹیکنالوجی سے انسان کو بہت سے فائدے ہوئے ہیں۔ | ☒ |
| (ج) | ہر عقل مند انسان انٹرنیٹ کے فوائد کو مانتا ہے۔ | ☒ |
| (د) | انٹرنیٹ کے فوائد کو نہ ماننا بہت بڑی عقل مندی ہے۔ | ☒ |
| (ہ) | پاکستان میں انٹرنیٹ اور کتابیں پڑھنا یکساں مقبول ہے۔ | ☒ |
| (و) | پاکستان میں کتابوں کی جگہ انٹرنیٹ نے لے لی ہے۔ | ☒ |
| (ز) | مغربی ممالک کے لوگ اب بھی کتابیں پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ | ☒ |
| (ح) | مغربی ممالک میں کتابوں کی فروخت میں کمی آ گئی ہے۔ | ☒ |

Q2

**(Total 4 marks)**

Leave blank

سوال نمبر3:

نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

گزرتے وقت کے ساتھ مہنگائی بھی تیزی سے(i) .................................... رہی ہے۔ایک متوسط خاندان کے لئے گھر کے روزمرہ کے اخراجات کو(ii) .................................... کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

(iii) .................................... دس سالوں میں 'جبری ریٹائرمنٹ' کی اسکیم کی وجہ سے بہت سے خاندان پریشانی میں مبتلا ہیں۔اب خواتین بھی(iv).................................... کے تحت ملازمت کر رہی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بڑھ | سنوارنا | مجبوری | فیشن |
| گھٹ | پورا | آئندہ | پچھلے |

Q3

**(Total 4 marks)**

Leave blank

سوال نمبر 4:
انٹرویو کو سن کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے ۔

(الف) نادر صاحب کتنے عرصے سے اخباروں میں کام کر رہے ہیں؟

..........................................................................................................................................................
**(1)**

(ب) وہ آج کل کس موضوع پر زیادہ لکھ رہے ہیں؟

..........................................................................................................................................................
**(1)**

(ج) نوجوان نسل کے کیا مسائل ہیں؟

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................
**(2)**

(د) بچوں پر بے جا سختی کرنے کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟

..........................................................................................................................................................
**(1)**

(ہ) نئی نسل میں خود اعتمادی کیسے پیدا کی جا سکتی ہے؟

..........................................................................................................................................................
**(1)**

(و) نادر صاحب کے خیال میں نئی نسل کو کیا کرنا چاہیے؟

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................
**(2)**

**Q4**

**(Total 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A: 20 MARKS**

Leave blank

## SECTION B: READING

اقتباس نمبر 5:

نیچے دیئے گئے بیانات کو پڑھ کر دوسرے صفحے پر درج سوالوں کے جواب دیجیے۔

زارا: طرح طرح کے ٹی وی چینل ان لوگوں کے لئے بہت سودمند ثابت ہو رہے ہیں جو اکیلے رہتے ہیں اور گھر سے بہت کم باہر نکلتے ہیں۔ ان کے لئے یہ چینل ایک ساتھی کا کام دیتے ہیں۔

علی: ان کے ذریعے ہمیں دنیا بھر کے پروگرام دیکھنے کو ملتے ہیں لیکن یہ انسان پر منحصر ہے کہ وہ کس قسم کے پروگرام دیکھنا چاہتا ہے اور ان کا کیا اثر قبول کرتا ہے۔ اگر اچھے پروگرام دیکھے گا تو اچھائی کی طرف جائے گا اور اخلاق سے گرے ہوئے پروگرام دیکھے گا تو نہ صرف اپنے لئے بلکہ دوسروں کے لئے بھی نقصان کا باعث بنے گا۔

سیما: ان چینلوں کی وجہ سے ہماری تفریحات تقریباً ختم ہوگئی ہیں کیوں کہ ہمیں اپنی پسند کے پروگرام دیکھنے سے ہی فرصت نہیں ملتی۔ ہم گھنٹوں ٹی وی کے آگے بیٹھے رہتے ہیں۔ ہم دوسرے کاموں میں دلچسپی نہیں لیتے۔ ایسا لگتا ہے جیسے ٹی وی ہماری زندگی کا ایک لازمی جزو بن کے رہ گیا ہے۔

عمران: میرے خیال میں تو نوجوان نسل کی بے راہ روی میں ان چینلوں کا سب سے بڑا ہاتھ ہے۔ ہمارے نوجوان خون خرابہ اور مار دھاڑ والی فلمیں بہت شوق سے دیکھتے ہیں۔ ہماری حکومت کی طرف سے ان چینلوں پر کوئی پابندی نہیں اور اگر لگا بھی دی جائے تو لوگ نجی طور پر یہ چینل خرید کر دیکھ سکتے ہیں۔


© Edexcel Limited 2007

Leave blank

سوال نمبر 5:

کس نے کیا کہا؟ سامنے دیئے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے (✓) نشان لگائیے۔

ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

| | زارا | علی | سیما | عمران |
|---|---|---|---|---|
| (i) شوقین لوگ قانون کی بھی پرواہ نہیں کرتے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) اچھے برے پروگرام دیکھنے کا اختیار انسان کے اپنے ہاتھوں میں ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) تنہا رہنے والوں کے لئے اچھا مشغلہ ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) ہماری نئی نسل کو بری راہ پر ڈالنے میں ٹی وی سب سے آگے ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) ٹی وی ہماری زندگی پر حاوی ہوگیا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

Q5

**(Total 5 marks)**


© Edexcel Limited 2007

Leave blank

**BLANK PAGE**

 © Edexcel Limited 2007 

Leave blank

اقتباس نمبر 6:

۱۹۰۰ کے بعد موٹر سائیکل نے جس تیزی سے مقبولیت حاصل کی ہے وہ کسی معجزے سے کم نہیں۔ خصوصا وزن میں ہلکی موٹر سائیکلوں نے تو لوگوں کو ان کا دیوانہ بنا دیا ہے۔ اس وقت دنیا بھر میں کروڑوں موٹر سائیکلیں درمیانے اور غریب طبقے کے لئے سفر کی سب سے مناسب سواریاں خیال کی جاتی ہیں۔ سفر کے علاوہ چھوٹی موٹی چیزیں بھیجنے کے لئے بھی موٹر سائیکل نے اپنی اہمیت منوالی ہے۔

پاکستان میں موٹر سائیکل کی سواری ایک لحاظ سے غیر محفوظ ہے کیونکہ اکثر لوگ ہیلمٹ پہننا ضروری نہیں سمجھتے۔ نوجوان لڑکے جوش میں یا ریس لگاتے ہوئے تیز رفتار گاڑیوں کے بیچ میں سے نکلنے کی کوشش میں زخمی ہو جاتے ہیں یا اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

موٹر سائیکل پر بعض دفعہ تین یا چار بچوں سمیت پورا خاندان سفر کرتا نظر آتا ہے۔ اکثر خواتین کا ڈوپٹہ یا قمیص کا دامن پہیے کے بہت قریب لٹک رہا ہوتا ہے اور اس کی لپیٹ میں آسکتا ہے۔ اس معمولی سی لاپرواہی سے ایک بڑا حادثہ بھی ہو سکتا ہے۔

**6.** Read the passage above and answer the questions below **in English**. Your answers must relate exclusively to the passage and convey **all** the relevant information provided.

(a) When did the motorbike gain popularity?

..................................................................................................................................

**(1)**

(b) What quality of the motorbike attracts people?

..................................................................................................................................

**(1)**

(c) Apart from travelling what else is a motorbike useful for?

..................................................................................................................................

**(1)**

(d) Why is riding a motorbike not safe in Pakistan?

..................................................................................................................................

**(1)**

(e) In the third paragraph, what is referred to as “minor carelessness”?

..................................................................................................................................

**(1)**

**Q6**

**(Total 5 marks)**

Leave blank

اقتباس نمبر 7:

جدید تاریخ میں چین نے جس تیزی سے معاشی ترقی کی ہے اس کی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔ اس وقت دنیا میں بنائی جانے والی ہر بیس چیزوں میں سے ایک چین میں تیار ہو رہی ہے۔ اس لئے اسے دنیا کی ورکشاپ بھی قرار دیا جاتا ہے۔ گزشتہ پچیس برس میں چین کی ترقی سے پوری دنیا کی دولت میں اضافہ ہوا ہے۔ اس معاشی ترقی کے نتیجے میں چین کے چالیس کروڑ لوگ غربت کی سطح سے باہر نکل آئے ہیں اور بارہ کروڑ لوگ گاؤں سے نکل کر شہروں میں سامان تیار کرنے لگے ہیں۔

چین میں ایک سو ساٹھ شہر ایسے ہیں جن کی آبادی دس لاکھ سے زیادہ ہے۔ اب یہ شہر دنیا بھر کو مصنوعات تیار کر کے دینے والی ورکشاپوں میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ کوئی شہر موبائل فون بنا رہا ہے، کوئی برقی آلات کے پرزے، کوئی سگریٹ لائٹر اور کوئی کمپوٹر اسکرین۔ برطانوی سلطنت کوئلے کی دریافت اور امریکی سلطنت تیل کی دریافت سے طاقتور بنی تھیں لیکن چین کی بڑھتی ہوئی طاقت کی وجہ سے کسی ایندھن کے بجائے اس کے ہنرمند اور محنت کش لوگ ہیں۔

آج کل امریکہ اور یورپ کی کمپنیاں اپنے کارخانے چین میں لگا رہی ہیں۔ اس کی وجہ صرف یہ نہیں کہ وہاں کے مزدور اور کارکن کم اجرت پر کام کرتے ہیں۔ افریقہ اور جنوبی ایشیا کے ممالک میں تو کارکنوں کی اجرت چین سے بھی کم ہے۔ جو بات چین کو دوسرے ممالک سے ممتاز کرتی ہے وہ یہاں کا امن اور استحکام ہے۔ یہ ملک صنعتی مال بنانے والوں کو قابل اعتماد اور باصلاحیت کارکن مہیا کرتا ہے جو محنت کش اور نظم و ضبط کے پابند ہیں اور یہاں کا انتظامی ڈھانچہ روس سے بھی بہتر ہے۔

سوال نمبر 7:

سامنے دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں اردو میں لکھئے۔

(الف) دنیا میں بنائی جانے والی چیزوں میں چین کا کیا حصہ ہے؟

.......................................................................................................................................
**(1)**

(ب) چین کی ترقی سے دنیا کی معاشی حالت پر کیا اثر پڑا ہے؟

.......................................................................................................................................
**(1)**

(ج) معاشی ترقی کے بعد، چین کے کتنے لوگ مالی طور پر بہتر زندگی گزار رہے ہیں؟

.......................................................................................................................................
**(1)**

(د) بارہ کروڑ دیہاتی، شہر میں آ کر کیوں آباد ہو گئے؟

.......................................................................................................................................
**(1)**

Leave blank

(ه) چین کے ایک سو ساٹھ شہروں میں کیا تبدیلی آئی ہے؟

..........................................................................................................................................................

**(1)**

(و) برطانیہ اور امریکہ طاقتور قومیں کیسے بنیں؟

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

**(2)**

(ز) چین کو طاقتور بنانے میں کس کا ہاتھ ہے؟

..........................................................................................................................................................

**(1)**

(ح) امریکہ اور یورپ کی کمپنیاں اپنے کارخانے چین میں کیوں لگا رہی ہیں؟

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

**(2)**

**Q7**

**(Total 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B: 20 MARKS**

Leave blank

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

> ناروے اور آئرلینڈ کے بعد اب برطانیہ کی حکومت نے بھی عوامی مقامات پر تمباکو نوشی پر مکمل پابندی لگا دی ہے۔
> اس پابندی کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو پارکوں، ہوٹلوں اور ریسٹورانوں وغیرہ جیسے مقامات پر سگریٹ پینے کی اجازت نہیں ہے۔
> اس پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ برطانیہ میں اس پابندی کے مثبت اثرات رفتہ رفتہ نظر آنے لگے ہیں۔

سوال نمبر 8:

اوپر دیا گیا بیان حکومت کی طرف سے ایک اخبار میں شائع ہوا ہے۔140 سے 160 الفاظ پر مشتمل اردو میں ایک مضمون لکھئے۔ آپ کے مضمون میں درج ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:

- مضمون لکھنے کی وجہ
- عوامی جگہوں پر تمباکو نوشی پر پابندی ہونی چاہیے یا نہیں۔
  اس پر آپ کی کیا رائے۔
- آپ کی رائے میں تمباکو نوشی پر پابندی کے کیا مثبت اثرات ہوں گے۔
- پاکستان اور ہندوستان میں اس قسم کی پابندی لگانے پر لوگوں کا کیا ردعمل ہوسکتا ہے؟ تفصیل سے لکھئے۔

.......................................................................................................................................................

.......................................................................................................................................................

.......................................................................................................................................................

.......................................................................................................................................................

Leave blank

Leave blank

 © Edexcel Limited 2007 

Leave blank

Q8

**(Total 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C: 30 MARKS**

**TOTAL FOR PAPER: 70 MARKS**

**END**

